تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ،نئی دہلی

October 04,2024

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے ڈی ڈی یو کوشل کیندر میں ’اپلی کیشن آف ریئل ٹائم پی سی آر ان پیرامیڈیکل سائنسز‘ کے موضوع پر تربیتی ورکشاپ کا انعقاد

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے دین دیال اپادھیائے کوشل کیندر (ڈی ڈی یو کے کے) نے ’اپلی کیشن آف ریئل ٹائم پی سی آر ان پیرامیڈیکل سائنسز‘ کے موضوع پر یک تربیتی ورکشاپ منعقد کیا۔ورکشاپ کا مقصد طبی تشخیص میں جدید پیش رفتوں سے طلبا کو آشنا کراتے ہوئے فعال اور ہنر مند افراد کو تیار کرنا تھا۔

ورکشاپ میں ڈی ڈی یو کے انڈر گریجویٹ طلبا، لیب کے تکنیکی ماہرین اور فیکلٹی آف لائف سائنز کے پی ایچ ڈی اسکالروں نے شرکت کی۔ بایو۔ ریڈ لباریٹری پرائیوٹ لمٹیڈ گروگرام کے ڈاکٹر درگیش سنگھ ،سینئر فیلڈ اپلی کیشن ماہر نے مقداری ریئل پی سی آر پر پرزینٹیشن کے ساتھ اجلاس کی کاروائی کی شروعات کی۔انھوں نے شرکا کو مقداری اندازے اور قیو پی سی آر کے کام کو بنیادی تصورات سے متعارف کرایا۔ڈاکٹر سنگھ نے ریئل ٹائم پی سی آر ،معلومات تجزیہ اور حل کے اہم پہلوؤں کو بھی اجاگر کیا۔

ڈاکٹر ماریا حبیب (ڈی ڈی یو کے کے) نے کینسر کو ابتدائی مرحلے میں شناخت کرنے میں ریئل ٹاہم کی اہمیت پر تقریر کی۔ڈاکٹر سنگھ نے ماہرین کی ٹیم کے ساتھ شرکا کو مقداری ریئل ٹائم پی سی آر کو کر کے عملی طور پر دکھایا۔

ڈی ڈی یو کے اعزازی پروفیسر جاوید احمد خان کی جانب سے ڈاکٹر درگیش سنگھ کی تہنیت کے بعد اظہار تشکر کے ساتھ پروگرام ختم ہوا۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی